صندل کی لکڑی اتنی مہنگی کیوں؟

صندل کی لکڑی کو دنیا بھر میں اس کی خوشبو کی بنا پر جانا اور پسند کیا جاتا ہے جبکہ سرخ صندل کو اس کی پائیداری کی بنا پر نہ صرف مہنگے داموں خریدا جاتا ہے بلکہ کئی امراض میں علاج کی غرض سے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔اس کی سرخ رنگت ہی اسے دوسری لکڑیوں کے مقابلے میں الگ پہچان دیتی ہے اور یہی اس کی پسندیدگی کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

سرخ صندل کو خون صندل بھی کہا جاتا ہے کیونکہ لوگ اس کے پیچھے ایک دوسرے کی جانیں لے لیتے ہیں یہ لکڑی سرخ رنگت کی ہوتی ہے اور صرف بھارت کے علاقے تامل ناڈو اور آندھرا پردیش میں پھیلی سیشا چلم پہاریوں میں پائی جاتی ہے۔سرخ صندل کی سب سے زیادہ مانگ یورپی ممالک اور چین میں ہے۔صرف ایک کلو لکڑی کی قیمت دس سے پندرہ ہزار روپے تک ہوتی ہے اور یہی آگے بڑھ کر کروڑوں تک جاتی ہے۔

اس درخت کے قیمتی ہونے کی بنا پر بھارتی حکومت کی جانب سے اس کی کٹائی پر سخت ترین پابندی عائد کی گئی ہے جس کے مطابق درخت کاٹنے پر گیارہ سال تک کی قید اور لاکھوں روپے جرمانے کی سزا ہے۔صندل کی کٹائی پر پابندی کی بنا پر اس کی غیر قانونی کٹائی اور اسمگلنگ کو روکنے کے لئے ہر طرح کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔جس میں جدید ترین ٹیکنالوجی کو بھی استعمال کیا جارہا ہے اس کے باوجود صندل کی اسمگلنگ کو روکا نہیں جاسکا اور یہ ابھی تک جاری ہے جبکہ اس کوشش میں اب تک درجنوں لوگ جان کی بازی ہار چکے ہیں۔

یہ لکڑی رنگت اور مضبوطی کی بنا پر چین میں تاریخی اہمیت رکھتی ہے اور اس سے تیار فرنیچر مہنگے داموں فروخت کئے جاتے ہیں۔

سرخ صندل کی لکڑی میں اینٹی بیکٹیریل خواص پائے جاتے ہیں یہی وجہ ہے صندل کا پاؤڈر جلد کی حفاظت کے لئے تیار کئے جانے والی پروڈکٹ میں استعمال کیا جاتا ہے،صندل پاؤڈر کو عرق گلاب یا ناریل کے تیل میں مکس کر کے چہرے پر لگانے سے داغ دھبے دور ہوجاتے ہیں اور ساتھ سورج سے ہونے والی گہری رنگت کو نکھارنے میں بھی اس کا کوئی ثانی نہیں یہی وجہ ہے کہ اسے سن اسکرین کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

دردکش خصوصیات کی بنا پر درد دور کرنے والی بام اور مرہم میں کثرت سے استعمال کیا جاتی ہے،متاثرہ جگہ پر اس کا استعمال درد اور سوزش سے نجات دلاتا ہے۔صندل کی سرخ لکڑی میں ایسے اہم اجزا پائے جاتے ہیں جو کسی بھی چوٹ کے نتیجے میں اینٹی سپٹک کا کام کرتے ہیں اور زخم کو جراثیم سے محفوظ رکھتے ہیں،اس کے لئے اس کی لکڑی کے پانی کو زخموں پر لگانے سے زخم جلد مندمل ہوتے ہیں۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کے پاؤڈر کی کچھ مقدار کھانے سے نظام ہاضمہ بہتر کام کرتا ہے اور ساتھ ہی قوت مدافعت میں بھی اضافہ کا سبب بنتا ہے لیکن اس پر کوئی تحقیق یا سائنسی شواہد موجود نہیں ہے۔ جبکہ یہ چین میں حکمت کی کئی ادویات میں استعمال کی جاتی ہے یہی وجہ چین اس لکڑی کا دنیا بھر میں سب سے بڑا خریدار ہے۔